# E-Content

Instructional Media Centre
Maulana Azad National Urdu University
Gachibowli, Hyderabad - 32
T.S. India

## Subject / Course – Commerce

**Paper** : Elements of Costing

Module Name/Title : Cost Accounts

| DEVELOPMENT TEAM | |
|---|---|
| **CONTENT** | Prof. N.I Mulla |
| **PRESENTATION** | Ptof. N.I. Mulla |
| **PRODUCER** | Rafiq-ur-Rahaman |

IMC MANUU
Instructional Media Centre
Maulana Azad National Urdu University
Gachibowli, Hyderabad - 32
T.S. India
//imcmanuu

| | | | |
|---|---|---|---|
| ii. | تعمیر مکان | (ب) | فی جاب |
| iii. | فرنیچر | (ج) | فی کنٹراکٹ |
| iv. | تشہیر کاری | (د) | فی عدد |
| v. | نرسنگ ہوم | (ھ) | فی ٹن کلو میٹر |
| vi. | آئسکریم | (و) | فی بستر فی دن |
| vii. | شرٹ | (ز) | فی کلوگرام |

2) مرکزِ لاگت کی تعریف کیجیے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

3) آپ مرکزِ لاگت سے کیا مراد لیتے ہیں؟

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

4) مرکز لاگت کی شناخت کے مقاصد بیان کیجیے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

## 2.6 لاگت کے عناصر Elements of Cost

لاگت کے تین اصل عناصر ہیں۔ 1) میٹریل (سامان) 2) محنت اور 3) مصارف

### 2.6.1 میٹریل (سامان) Material

اصطلاح "میٹریل" اُن اشیاء سے متعلق ہے جو ایک شئے کی تیاری (مینوفیکچرنگ) کے لیے بطور خام مال، اجزائے ترکیبی یا اشیائے صرف (Consumables) کے استعمال کئے جاتے ہوں۔ یہ میٹریل راست یا بالواسطہ ہو سکتا ہے۔

راست میٹریل: تیار شئے کے لیے استعمال کیا ہوا سارا سامان یا اس کے اجزاء کو "راست میٹریل" کہا جاتا ہے۔ شکر کے لیے گنا، ریڈی میڈ گارمنٹ (تیار ملبوسات) کے لیے کپڑا، موٹر کار کے لیے ٹائیر، راست میٹریل کی چند مثالیں ہیں۔ پیا کیجنگ (بند ھوائی) بھی راست مال کی لاگت میں شامل ہوتی ہے۔

بالواسطہ میٹریل: اشیائے صرف جیسے چکنائی تیل، اسٹیشنری اور مشینری کے پرزوں کو بالواسطہ میٹریل کہا جاسکتا ہے۔ ایسی چیزیں تیار اشیاء کا حصہ نہیں ہوتیں۔

### 2.6.2 محنت Labour

مزدور جنہیں خام مال (میٹریل) کو تیار مال میں بدلنے کے لیے ملازم رکھا گیا ہو یا جو کاروبار کے دوسرے متفرق جاب کر رہے ہوں، انہیں کارکن (Worker) یا مزدور (Labour) کہتے ہیں۔ کارکن بھی راست اور بالواسطہ ہو سکتے ہیں۔

**راست کارکن:** اُن مزدوروں کو جو راست طور پر اشیاء کی تیاری میں مشغول ہوں، راست کارکن کہتے ہیں۔ یہ ایسے مزدور ہو سکتے ہیں جو اپنی جسمانی محنت سے یا مشین کا استعمال کر کے مال تیار کرتے ہیں۔ ایسے کارکنوں کی ادا کردہ اُجرتیں راست اجرتیں یا پیداواری اجرتیں کہلاتی ہیں۔

**بالواسطہ کارکن:** اشیاء کی تیاری کے لیے موقتی اُمور کی انجام دہی کے واسطے ملازم رکھے گئے مزدور یا وہ جنہیں آفس کے کام، فروخت اور تقسیم کی سرگرمیوں کے لیے خدمت پر رکھا گیا ہو، بالواسطہ کارکن کہلاتے ہیں۔ ایسے کارکنوں کو ادا کی ہوئی اجرتیں "بالواسطہ اُجرتیں (Indirect Wages)" کہلاتی ہیں۔

## 2.6.3 مصارف Expenses


مٹیریل اور محنت کے سوائے دیگر، تمام خرچ کو مصارف کہتے ہیں مصارف (Expenses) بھی راست یا بالواسطہ ہو سکتے ہیں۔

**راست مصارف:** ایسے مصارف، جو خصوصاً ایک شئے، جاب یا خدمت کے لیے کیے گئے ہوں، راست مصارف کہلاتے ہیں۔ ایسے مصارف کی چند مثالیں ہیں: اندرونی باربرداری، پروڈکشن، رائلٹی، خصوصی ساز و سامان (Special Equipment) کے لیے کرایہ کے مصارف، خصوصی ڈرائنگس کی لاگت وغیرہ۔ انہیں واجب الادا مصارف (Chargeable Expenses) بھی کہتے ہیں۔

**بالواسطہ مصارف:** بالواسطہ مٹیریل اور محنت کے سوائے، تمام مصارف جو ایک مخصوص شئے، جاب یا خدمت کے لیے راست طور پر منسوب نہیں کیے جا سکتے بالواسطہ مصارف کہلاتے ہیں۔ عمارت کا کرایہ، مشینری کی مرمت، لائٹنگ، ہیٹنگ اور بیمہ وغیرہ بالواسطہ مصارف کی چند مثالیں ہیں۔

لاگت کے مختلف عناصر کو شکل 2.1 میں بطور چارٹ پیش کیا گیا ہے۔

**شکل 2.1 : لاگت کے عناصر Figure 2.1 : Elements of Cost**





**بالائی اخراجات (اوورہیڈ) کا تصور:** تمام خام مال، محنت اور مصارف جن کی راست لاگتوں کے طور پر شناخت نہیں کی جا سکتی انہیں بالواسطہ لاگتیں کہتے ہیں۔ بالواسطہ لاگتوں کے تین عناصر جیسے بالواسطہ خام مال، بالواسطہ محنت اور بالواسطہ مصارف کو مجموعی طور پر "اوورہیڈ" یا "آن کاسٹ (On Costs) اخراجات" کہا جاتا ہے۔

اوورہیڈز کی تین زمروں میں گروپ بندی کی گئی ہے۔

1. بالائی اخراجات متعلقہ فیکٹری (یا مینوفیکچرنگ)
2. بالائی اخراجات متعلقہ دفتر (یا انتظامی)
3. بالائی اخراجات متعلقہ (فروخت اور تقسیم) (جیسا کہ شکل 2.2 میں بتایا گیا ہے۔)

INSTRUCTIONAL MEDIA CENTRE * MANUU
IMC LIBRARY
Hyderabad

**Figure 2.2 : Categories of Overheads** بالائی اخراجات کے زمرے




مبادلہ کی لاگت Conversion Cost: خام مال کو تیار مال میں تبدیلی کرنے کی لاگت کو "مبادلہ کی لاگت" (Conversion Cost) کہتے ہیں۔ اس میں راست اُجرتیں، راست مصارف اور فیکٹری اوورہیڈ شامل ہیں۔

## 2.7 مجموعی لاگتوں کے اجزا Components of Total Costs

یک شئے کی مجموعی لاگت راست لاگتوں (جنہیں بنیادی لاگت بھی کہتے ہیں) اور بالواسطہ لاگتوں (جنہیں اوورہیڈ بھی کہتے ہیں) پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس طرح مجموعی لاگت کے دو اہم اجزاء ہیں (1) بنیادی لاگت اور (2) اوورہیڈ۔ بنیادی لاگت تمام راست لاگتوں کو ظاہر کرتی ہے، اس لیے راست میٹریل، راست محنت اور دیگر راست مصارف پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس کے برخلاف اوورہیڈ، فیکٹری اوورہیڈ، آفس اوورہیڈ اور فروخت اور تقسیم کے اوورہیڈ پر مشتمل ہوتے ہیں۔

### مجموعی لاگت کی تیاری Total Cost Build Up

اگر ہم مرحلہ وار مختلف لاگتوں کو جمع کریں تو ہمیں درج ذیل مجموعی لاگت کی تیاری کا سانچہ حاصل ہوگا۔

1. Direct Material + Direct Labour + Other Direct Expenses = PRIME COST

   بنیادی لاگت = راست میٹریل + راست محنت + دیگر راست مصارف

2. Prime Cost + Factory Overheads = Works Cost (کاموں کی لاگت)
3. Works Cost + Office and Administrative Overheads = Cost of Production (پیداوار کی لاگت)
4. Cost of Production + Selling and Distribution Overheads = Total Cost or Cost of Sales

   (مجموعی لاگت یا لاگتِ فروخت)

مجموعی لاگت کے مذکورہ بالا تیاری کے سانچہ (فریم ورک) کو شکل 2.3 میں بتایا گیا ہے۔

**Figure 2.3 : Total Cost Build - Up**

راست مال
Direct Materials
راست مزدور
Direct Labour
دیگر راست مصارف
Other Direct Expenses } بنیادی لاگت
Prime Cost
فیکٹری اوور ہیڈز
Factory Overheads } فیکٹری لاگت
Factory Cost
دفتری اوور ہیڈز
Office Overheads } پیداواری لاگت
Cost of Production
فروخت اور تقسیمی اوور ہیڈز
Selling & Distribution Overheads } لاگت فروخت
Cost of Sales

اس طرح سے ہمیں مجموعی لاگت کے مندرجہ ذیل اجزاء حاصل ہوں گے :

1) بنیادی لاگت (جسے راست لاگت یا ابتدائی لاگت بھی کہتے ہیں)۔
2) کارخانہ لاگت (اسے فیکٹری کاسٹ بھی کہتے ہیں)۔
3) پیداواری لاگت (اسے آفس کاسٹ بھی کہتے ہیں)۔
4) فروخت کی لاگت۔

## اپنی معلومات کی جانچ ج

1) دیگر راست مصارف (Other Direct Expenses) کی چار مثالیں دیجیے۔

..............................................................................................................
..............................................................................................................
..............................................................................................................

2) بالواسطہ مصارف (Indirect Expenses) کی چار مثالیں دیجیے۔

..............................................................................................................
..............................................................................................................
..............................................................................................................

3) راست اور بالواسطہ اُجرتوں (Direct & Indirect Wages) کے مابین فرق کیجیے۔

..............................................................................................................
..............................................................................................................
..............................................................................................................

4) خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

i) Direct Materials + .............................. + Other Direct expenses = Prime Cost.
ii) Prime Cost + .............................. = Works Cost.
iii) Works Cost + Office Overheads = ..............................
iv) Prime Cost + .............................. + .............................. + .............................. = Cost of Sales.

## 2.8 تختۂ لاگت Cost Sheet

تختۂ لاگت مجموعی لاگت کے مختلف اجزاء کو ظاہر کرنے والا ایک گوشوارہ ہے جو تعین قیمت کی فیصلہ سازی اور لاگت پر کنٹرول کے لیے بطور ایک کام انجام دیتا ہے۔ یہ لاگت کے اعداد و شمار کو مختلف عناصر کے تحت درجہ بند طریقہ پر شامل کرکے پیش کرتا ہے۔ اس کے قیمتی مشمولات کے پیش نظر تختۂ لاگت کو وقفوں (ہفتہ واری یا ماہواری) سے موزوں انداز میں تیار کیا جانا چاہیے۔

کاروبار کی ضروریات کے مطابق تختۂ لاگت (کاسٹ شیٹ) میں شامل کی جانے والی امکانی معلومات یہ ہوتی ہیں۔

1) پروڈکٹ (پیداواری شئے) کے مرکزِ لاگت یا لاگت کی اکائی کا نام۔
2) تختۂ لاگت کی متعلقہ میعاد۔
3) مقررہ مدت کے حاصلات۔
4) مجموعی لاگت کے متفرق اجزاء کی تفصیل۔
5) ایٹم واری Item wise یا تغیرات کے مطابق فی اکائی لاگت۔
6) اسٹاک کے موقف میں تغیرات۔
7) فروخت کردہ مال کی لاگت۔
8) نفع و نقصان کا موقف۔

تختۂ لاگت کا نمونہ شکل 2.4 میں دیا گیا ہے۔

**Figure 2.4 : Proforma of Cost Sheet**

COST SHEET OF........................

for the month ending ..................

Output ................................ units

| | | Total Rs. | Per Unit Rs. |
|---|---|---|---|
| Raw Materials Consumed | | | |
| Opening Stock of raw materials | ........................ | | |
| Add : Purchases of raw materials | ........................ | | |
| | ........................ | | |
| Less : Closing Stock of raw materials | ........................ | | |
| Direct Labour | | ........................ | ........................ |
| Other Direct Expenses | | ........................ | ........................ |
| PRIME COST | | ........................ | ........................ |
| Factory Overheads | | | |
| ........................ ........................ | | | |